**11.09.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................. مہتاب عالم

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے عالمی بھلائی سے متعلق امنگوں کے ساتھ مثبت مذاکرات کی امید ظاہر کی ہے، جیسا کہ عالمی رہنما، کل سے شروع ہونے والی برکس سمٹ کیلئے نئی دِلی میں یکجا ہورہے ہیں۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج، روسی صدر ولادیمیرپوتن اور ایران کے صدر مسعود پیزشکیان کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔

☆ قومی راجدھانی میں،برکس تجارتی فورَم کا آغاز ہوگیاہے۔ وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے، برکس کے 20 سال پورے ہونے کے موقع پر، بڑھتی ہوئی مضبوطی، پائیدار ترقی اور تعاون کیلئے کہا ہے۔

☆ بھارت نے امریکہ میں نو-گیارہ کے وحشیانہ حملوں کے 25 سال پورے ہونے کے موقع پر دہشت گردی سے لڑنے کیلئے اپنے پختہ عزم کو دہرایا ہے۔

☆ چین کے شہر Moqi میں، مردوں کے جونیئَر ایشیا کپ ہاکی کے سیمی فائنل میں آج دوپہر بھارت کا مقابلہ ملیشیا سے ہوگا۔

☆ اور......امریکی اوپن ٹینس میں دفاعی چمپئن اریناسبالینکا اور دوسرے درجے کی ایلینا رِیباکینا، خواتین کے سنگلز کے فائنل میں داخل ہوگئی ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**BRICS-SUMMIT**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ کل سے شروع ہونے والی 18 ویں برِکس سربراہ میٹنگ میں شرکت کیلئے دنیا بھر کے رہنما نئی دلّی میں اکٹھا ہورہے ہیں۔ ایک سوشَل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے اعتماد ظاہر کیا کہ اِس سربراہ میٹنگ

میں دنیا کی خوشحالی کے رہنما اُصول کے ساتھ مختلف اُمور پر بامعنی اور تعمیری بات چیت کی جائے گی۔ بھارت منڈپم میں ہونے والی دو روزہ سربراہ میٹنگ میں 11 اُبھرتی ہوئی بڑی اور ترقی پذیر معیشتوں والے ممالک شرکت کریں گے۔ اِن میں برازیل، چین، مصر، Ethiopia، انڈونیشیاء، بھارت، ایران، روس، سعودی عرب، جنوبی افریقہ اور متحدہ عرب امارات شامل ہیں۔ بھارت کی صدارت میں ہونے والی سربراہ میٹنگ کا موضوع ہے: ''مضبوط، اختراع، تعاون اور پائیدار ترقی کا قیام''۔

اس سربراہ میٹنگ میں مختلف عالمی رہنما شرکت کریں گے۔ اِن میں روس کے صدر ولادیمیر پوتن، چین کے صدر Xi Jinping، جنوبی افریقہ کے صدر Cyril Ramaphosa، مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی، انڈونیشیاء کے صدر Prabowo Subianto، ایران کے صدر مسعود Pezeshkian، ابوظہبی کے ولی عہد شہزادہ شیخ خالد بن محمد بن زائد النہیان اور Ethiopia کے وزیر اعظم Abiy احمد علی شامل ہیں۔برازیل کی نمائندگی وہاں کے وزیر خارجہ Mauro Vieira کریں گے۔ سعودی عرب کے وزیر خارجہ پرنس فیصل بن فرہان السعود بھی اس سربراہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ سربراہ میٹنگ کُل جامع عالمی حکمرانی اور کثیر رُخی نظام کو مضبوط بنانے کے موضوع پر برکس رُکن ملکوں کے بند کمرے کے اجلاس کے ساتھ شروع ہوگی۔

برکس ممبر ملکوں کے رہنما بھارت منڈپم میں بھارت- Innovates نمائش بھی دیکھیں گے۔ اس کے بعد وہ مشترکہ طور پر شجرکاری کریں گے۔ شجرکاری کے بعد وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے شاندار عشائیہ کا اہتمام کیا جائے گا۔ وزیراعظم مودی سربراہ میٹنگ کے موقع پر برکس ملکوں کے رہنماؤں کے ساتھ کئی دوطرفہ میٹنگیں بھی کریں گے۔ اتوار کے روز وزیراعظم مودی، برکس کے شراکت دار ملکوں کے رہنماؤں اور مدعو مہمانوں کا خیر مقدم کریں گے۔ یہ رہنما ''مضبوط، اختراع، تعاون اور پائیدار ترقی کا قیام: جامع عالمی ترقی کیلئے مستقبل کی تعمیر'' کے موضوع پر منعقدہ اجلاس میں شرکت کریں گے۔×

## PM-BILATERALS-BIRCS

وزیراعظم نریندر مودی آج سہ پہر نئی دلّی میں روس کے صدر ولادیمیرپوتن کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان باہمی دلچسپی کے مختلف اُمور پر تبادلہ خیال متوقع ہے۔ دونوں رہنما روس-یوکرین تنازع، مغربی ایشیاء کے حالات، تجارتی تعلقات اور توانائی کے شعبے میں تعاون جیسے معاملات پر بات چیت کریں گے۔ صدر ولادیمیرپوتن کل سے شروع ہونے والی برکس سربراہ میٹنگ میں شرکت کیلئے آج صبح سویرے قومی راجدھانی پہنچے۔

وزیراعظم مودی آج شام ایران کے صدر مسعود پیزشکیان کے ساتھ بھی بات چیت کریں گے۔ صدر پیزشکیان آج سہ پہر نئی دلّی پہنچنے والے ہیں۔ مغربی ایشیاء کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر دونوں رہنماؤں کی اس ملاقات کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ توقع ہے کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان علاقائی حالات واقعات گفتگو کے اہم موضوعات میں شامل ہوں گے۔ وزیراعظم مودی قومی راجدھانی میں اپنی مصروفیات کے دوران اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گُتریس سے بھی ملاقات کریں گے۔ ×

**BRICS-BUSINESS FORUM**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ استحکام ہر ملک کی اقتصادی حکمت عملی کا مرکزی عنصر بن چکا ہے، تاہم اِس کے ساتھ ساتھ وسیع تعاون اور مضبوط شراکت داری کے ذریعہ پائیداری کو فروغ دینے کی بھی ضرورت ہے۔ آج صبح نئی دلّی میں برکس کاروباری فورم سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ یہ سربراہ میٹنگ ایسے وقت ہورہی ہے، جب عالمی سیاسی اور اقتصادی نظام میں نمایاں تبدیلیاں رونما ہورہی ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C News Desk**

*ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ برکس ایک دوسرے کیلئے تکمیلی وسائل، بازاروں، صلاحیتوں اور تجربات رکھنے والی معیشتوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ گروپ مختلف طریقہ کار کا موازنہ کرنے، ٹھوس انتظامات کو مضبوط بنانے اور رکن ممالک کیلئے دستیاب مواقع کو وسیع کرنے کیلئے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ یہ سال برکس کیلئے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، کیونکہ اس گروپ کے ادارہ جاتی تعاون کے 20 سال مکمل ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے برسوں کے دوران برکس اپنی رکنیت، ایجنڈے اور تعاون کے طریقہ کار کے لحاظ سے نمایاں طور پر ترقی کرچکا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سال بھارت کی برکس صدارت کا مقصد اِس اَرتقاء کو آگے بڑھانا ہے۔ اس کا موضوع ہے: ''مضبوط، اختراع، تعاون اور پائیدار ترقی کا قیام: جامع عالمی ترقی کیلئے مستقبل کی تعمیر''۔*

*نیوز ڈیسک سے اردو خبروں کیلئے میں......*

اپنے خطاب میں تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے برکس ملکوں پر زور دیا کہ وہ ملکر اپنی اقتصادی طاقت کو، اپنے عوام کیلئے روزگار، دولت اور خوشحالی لانے کیلئے تبدیل کریں۔ نئی دلّی میں برکس کاروباری فورم کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ برکس ممالک دنیا کی تقریباً نصف آبادی اور عالمی مجموعی گھریلو پیداوار GDP کے تقریباً 40 فیصد کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اس دوران روس کے اقتصادی ترقی کے وزیر Maksim Reshetnikov نے کہا کہ برکس ممالک عالمی معیشت کے تقریباً ایک چوتھائی حصے کی نمائندگی کرتے ہیں اور یہ ایک پائیدار مستقبل کیلئے مضبوط آواز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رُکن ممالک مضبوط اور پائیدار سپلائی چین کو فروغ دینے، ماحولیات کیلئے سازگار اور ڈیجیٹل منتقلی کو تیز کرنے اور اپنے بازاروں کی وسیع صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانے کیلئے ٹھوس اقدامات کرنے کے پابند ہیں۔×

**BRICS-TRADE**

برکس، عالمی معیشت میں ایک بڑی طاقت بن کر اُبھر رہی ہے۔ گروپ کی ابھرتی ہوئی معیشت اور تجارتی اہمیت پر

پیش ہے، ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ:                VC-Anupam Mishra

*برکس میں اُبھرتی اور ترقی کرتی ہوئی 11 بڑی معیشتیں یکجا ہوئی ہیں۔ اِس سے عالمی آبادی کے تقریباً 49 اعشاریہ پانچ فیصد، عالمی GDP کے تقریباً 40 فیصد اور عالمی تجارت کے تقریباً 26 فیصد حصے کی نمائندگی ہوتی ہے۔ برکس ممالک ایک دوسرے کو تقریباً ایک اعشاریہ دس ٹریلین ڈالر مالیت کی اشیاء برآمد کرتے ہیں، جو اُن کی مشترکہ عالمی برآمدات کے 18 اعشاریہ آٹھ فیصد حصے کے برابر ہے۔ یہ ممالک اپنے ساتھی برکس ارکان سے ایک اعشاریہ چار ٹریلین ڈالر مالیت کی اشیاء درآمد بھی کرتے ہیں، جو اِن کی عالمی درآمدات کا 21 اعشاریہ چھ فیصد حصہ ہے۔ برکس ملکوں کے ساتھ بھارتی اشیاء کی مجموعی تجارت 2020-21 میں 203 اعشاریہ ایک ارب ڈالر تھی، جو 2025-26 میں 417 اعشاریہ پانچ ارب ڈالر ہوگئی ہے۔*

*انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں......*

**PM-9/11 REMBERANCE**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ اگرچہ دہشت گردی کا خطرہ مسلسل نئی شکل اختیار کررہا ہے، بھارت کا ہر قسم کی دہشت گردی کی روک تھام کا عزم بدستور غیر متزلزل ہے۔ امریکہ میں ہونے والے خطرناک نو-گیارہ دہشت گردانہ حملوں کے 25 برس مکمل ہونے کے موقع پر جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ دہشت گردی کے سبب دنیا بھر میں بے شمار انسانی جانیں تلف ہوئی ہیں۔ انہوں نے سرحدپار دہشت گردی کا شکار ہونے کی حیثیت سے بھارت کئی دہائیوں سے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سب سے آگے رہا ہے۔

وزیراعظم مودی نے کہا کہ بھارت دہشت گردی کی لعنت سے نمٹنے کی تمام کوششوں کی بھرپور حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے 2014 میں امریکہ کے شہر نیویارک میں واقع 9/11 میموریل اور میوزیم کے اپنے دورے کی کچھ جھلکیاں بھی شیئر کیں۔ آج 11 ستمبر 2001 کو ہونے والے دہشت گردانہ حملے کے 25 برس مکمل ہوگئے ہیں۔×

**DELHI METRO SUNDAY SERVICES**

دِلی میٹرو نے آج بتایا ہے کہ میٹرو خدمات برکس سمٹ کے دوران ٹریفک بندشوں کی وجہ سے اتوار کو سبھی لائنوں پر صبح 6 بجے سے شروع ہوں گی۔ دِلی میٹرو نے بتایا کہ یہ فیصلہ امتحانات میں شامل ہونے والے طلبا اور عام لوگوں کے باآسانی اور بروقت آنے جانے میں سہولت کے مقصد سے کیا گیا ہے۔

دِلی میٹرو نے اِس سے پہلے بتایا تھا کہ سبھی میٹرواسٹیشن اگلے کسی نوٹس تک کھُلے رہیں گے۔ میٹرو ریل خدمات اگلے

کسی اعلان تک اِسی طرح جاری رہیں گی۔ مسافروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ مزید جانکاری کیلئے DMRC کی ویب سائٹ، سوشل میڈیا پلیٹ فارم اور دِلی میٹرو سارتھی App پر نظر ڈالیں۔×

## RAILWAY SERVICES

شمالی ریلویز نے آج سے اتوار تک ٹرین کے اوقات میں عارضی طور پر کچھ تبدیلیوں کا اعلان کیا ہے۔ یہ تبدیلیاں بڑی نواحی راہداریوں پر اور طویل فاصلے والے راستوں پر لاگو ہوں گی۔ دِلی-NCR خطے میں بہت سی EMU اور MEMU ریل گاڑیاں، جو اہم اسٹیشنوں کو جوڑتی ہیں، اُن کے اوقات اِن تبدیلیوں میں شامل رہیں گے۔ اِن اسٹیشنوں میں نئی دِلی، غازی آباد، پَلوَل، شکوربستی اور دِلی جنکشن شامل ہیں۔ ریلوے حکام نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنا سفر شروع کرنے سے پہلے متعلقہ ریل گاڑیوں کے تازہ ترین اوقات پر نظر ڈال لیں۔×

## HPV VACCINATION MILESTONE

بھارت نے 80 لاکھ سے زیادہ HPV ویکسین لگانے کا اہم سنگ میل حاصل کیا ہے۔ اس طرح یہ حفظان صحت سے متعلق احتیاطی تدابیر اختیار کرنے، HPV انفیکشن اور اِس سے وابستہ کینسر کی روک تھام کی سمت ایک اہم قدم ہے۔صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت نے کہا کہ ہر ٹیکہ بھارت کو اپنی بیٹیوں کیلئے ایک صحت مند اور کینسر سے پاک مستقبل کے قریب لاتا ہے۔

## BIHAR FLOOD

بہار میں سیلاب کی صورتحال اب بھی تشویشناک ہے۔ قدرتی آفات کی صورت میں بندوبست کے ریاستی محکمے نے بتایا کہ 14 ضلعوں کے 85 بلاکوں میں، 44 لاکھ سے زیادہ افراد متاثر ہوئے ہیں۔×

## HOCKEY

چین کے Moqi شہر میں جونیئر ایشیا کپ ہاکی میں بھارتی مردوں کی ٹیم سیمی فائنل میں ملیشیا کی ٹیم کے ساتھ کھیلے گی۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر 2 بجکر 15 منٹ سے کھیلا جائے گا۔

پانچ بار کا چمپئن بھارت، سیمی فائنل میں زوردار طریقے سے داخل ہوا تھا، اُس نے اپنے پول-A کے فائنل میچ میں چینی-تاپے کو پندرہ-صفر سے شکست دی تھی۔ اُدھر ملیشیا نے سیمی فائنل میں چین کو پول-B میں ایک-صفر سے ہرایا تھا۔ سیمی فائنل کے ایک اور میچ میں جنوبی کوریا کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔×

## US OPEN TENNIS

امریکی اوپن ٹینس میں دفاعی چمپئن ایرینا سیبالینکا اور دوسرے درجے کی ایلینا رِباکینا نے خواتین کے سنگلز کے فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ ایلینا نے، نیویارک میں دوسرے سیمی فائنل میں چوتھے درجے کی کوکو گوف کو تین-چھ، چھ-چار اور چھ-چار سے ہراکر تیسرے گرینڈ سلیم خطاب کیلئے جگہ بنائی۔ دوسری طرف بیلاروس کی اعلیٰ درجے کی سیبالینکا نے فائنل میں جگہ بنائی ہے۔ اُنہوں نے امریکہ کی تیسرے درجے کی جیسیکا پیگولا کو پہلے سیمی فائنل میں سات-پانچ، چھ-دو سے ہرایا تھا۔

مردوں کے سنگلز میں سرکردہ کھلاڑی، جرمنی کے الیگزینڈر Zverev کا مقابلہ پہلے سیمی فائنل میں آج دیر رات، ایک غیرمعروف کھلاڑی Karen Khachanov سے ہوگا۔ ایک اور سیمی فائنل میں آٹھویں درجے کے Ben Shelton گیارہویں درجے کے فرانسس تیافو کے ساتھ کھیلیں گے۔ یہ دونوں ہی کھلاڑی امریکہ کے ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆